ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(777)

08.12.2022

**بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں، ضلعی پولیس نے گزشتہ 07 روز میں مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے درجنوں ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں کھڑے کرکے 70 کلوگرام سے زائد چرس، 10 کلوگرام سے زائد افیون، 1100 لیٹر سے زائد شراب ولہن معہ 03 چالو بھٹیاں اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کرلیا، مقدمات درج۔ معاشرتی امن کو برقرار رکھنے کے لیے دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔ ڈی پی او عبادت نثار**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے وژن کے مطابق ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایت پر بہاول پور پولیس سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ بہاول پور پولیس نے جرائم کی سرکوبی کے لیے دن رات اور جانفشانی سے کام کرتے ہوئے پچھلے 07 روز میں سماج دشمن عناصر، مجرمان اشتہاری، عدالتی مفروران کے علاوہ درجنوں ملزمان کو گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا۔ مجرمان اشتہاری کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے کیٹگری اے کے 03 اور بی کے 71 سمیت 74 مجرمان اشتہاری اور کیٹگری بی کے 11 عدالتی مفروران کو بھی گرفتار کرلیا۔ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کے دوران ملزمان سے 70530 گرام چرس، 10400 گرام افیون، 1054 لیٹر دیسی شراب، 50 لیٹر لہن اور 03 چالو بھٹیاں برآمد کرلیں۔ غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان سے 15 عدد پسٹل 30 بور، 02 عدد کلاشنکوف اور درجنوں روند برآمد کر لیے۔ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج بھی کر لیے۔ ڈی پی او نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ کمیونٹی پولیسنگ اور سروسز کے ساتھ ساتھ پولیس کی اولین ڈیوٹی جرائم کا خاتمہ بھی ہے اور بہاول پور کو کرائم فری و پرامن بنانے کے لیے دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آپ عوام کی خدمت اور حفاظت کو اولین فرض سمجھ کر نبھائیں، میں ہر قدم پر اپنی فورس، بہاول پور کی عوام کے ساتھ شانہ بشانہ ہوں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



تھانہ سول لائنز پولیس کی کامیاب کاروائی، اے ایس پی سٹی سرکل ڈاکٹر عزیر کی ایس ایچ او محسن سردار کے ہمراہ پریس کانفرنس، بھاری مقدار میں منشیات برآمد، ملزمان کے قبضہ سے تین ملین روپے سے زائد مالیت کی 50 کلوگرام چرس و افیون برآمد۔

ڈسٹرکٹ پبلیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(778)

08.12.2022

**بہاولپور () سب انسپکٹر غلام رسول بھٹی کی انسپکٹر کے عہدے پر ترقی،ترقی پانے والے آفیسر کے اعزاز میں ڈی پی او آفس میں تقریب کا انعقاد،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے ایس پی انوسٹی گیشن ارسلان زاہد کے ہمراہ انسپکٹر کے عہدہ پر پرموٹ ہونے پر غلام رسول بھٹی کو بیجز لگائے۔ڈی پی او کی جانب سے مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار**

بہاول پور () تفصیل کے مطابق سب انسپکٹر غلام رسول بھٹی کی انسپکٹر کے عہدے پر ترقی پانے پر ڈی پی او آفس میں ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔تقریب میں ڈی پی او عبادت نثار بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے،تقریب میں ایس پی انوسٹیگیشن ارسلان زاہد سمیت تمام ایس ڈی پی اوز بھی شریک ہوئے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے ایس پی انوسٹی گیشن ارسلان زاہد کے ہمراہ انسپکٹر کے عہدہ پر پرموٹ ہونے پر غلام رسول بھٹی کو ڈی پی او آفس میں بیجز لگائے۔ڈی پی او نے پرموٹ ہونے پر غلام رسول بھٹی کو ترقی ملنے پر مبارک باد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ان کی نئی جائے تعیناتی پر کامیابی کے لئے دعا کی۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے کہا کہ محکمہ محنت،ایمانداری اور جانفشانی سے کام کرتے ہیں۔ترقیوں سے پولیس فورس میں آفیسران اور ملازمان کا مورال بلند ہوتا ہے۔

ترجمان پولیس بہاولپور



بہاولپور: سب انسپکٹر غلام رسول بھٹی کی انسپکٹر کے عہدے پر ترقی کے اعزاز میں ڈی پی او آفس میں تقریب کا انعقاد،
ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے ایس پی انوسٹی گیشن ارسلان زاہد کے ہمراہ انسپکٹر کے عہدہ پر پرموٹ ہونے پر غلام رسول بھٹی کو بیجز لگائے